**20/07/2025**

**12.30 PM**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ محمد اعظم سے خبریں سُنئے**

**LG**

**______________ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں میں ایک تقریب کے دوران کے موضوع سے سنت کمار شرما کا "Indus Water Treaty-Mirroring the facts" © تصنیف کر دہ ایک رسالہ جا ری کیا ۔**

**لیفٹنٹ گورنر نے مصنف کو مبارکباد پیش کر تے ہوئے کہا کہ اس تصنیف میں سندھ طاس معاہدے کے کئی تاریخی پہلو اُجاگر کئے گئے ہیں۔**

**CS**

**چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ معیاری تعلیم اور اساتذہ کی جواب دہی جمونو کشمیر میں تعلیمی شعبے کے اندر اصلاحات کے اہم ستون ہیں۔**

**انہوننے سرینگر میں محکمہ سکولی تعلیم کی ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران درس و تدریس اور تعلیم میں اصلاحات لانے کےلئے کئے جا رہے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔**

**میٹنگ میں سیکریٹری تعلیم، جموں اور کشمیر کے ناظمانِ تعلیم ، بورڈ آف سکول ایجوکیشن اور دیگر متعلقہ محکمہ کے سینئر افسران موجود تھے۔**

**LGملاقات**

**جموں سنسکرتی سکول سے تعلق رکھنے والے جسمانی طور سے خاص بچوں نے راج بھون جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔**

**لیفٹنٹ گورنر نے گجرات کے گاندھی نگر میں منعقدہ سپیشل اولمپکس میں ان بچوں کی بہترین کارکردگی پر انہیں مبارکباد پیش کی۔**

**ناظم زراعت**

**ڈائریکٹر ایگریکلچر کشمیر سرتاج احمد شاہ نے دیر پا زرعی عملیات اور صارفین کی سلامتی یقینی بنانے کی ضرورت اُجاگر کرتے ہوئے کیڑے مار ادویات کے اثرات کا جائزہ لینے کی ضرورت  اُجاگر کی ہے۔**

**وہ محکمے کے صدر دفتر میں ایک میٹنگ کے دوران کشمیر وادی میں جدید ترین سہولیات سے لیس ایک ریذی ڈیول تجزیاتی لیب کے قیام سے متعلق امور کا جائز ہ لے رہے تھے۔**

**باغبانی**

**اس دوران محکمہ باغبانی کشمیر کے صدر دفتر میں ہارٹیکلچر سے جڑے افسروں اور نجی آنٹر پرنیوروں کےلئے ایک تربیتی ورکشاپ محکمے کے ڈائریکٹر کشمیر وِکاس آنند کی صدارت میں منعقد کیا گیا۔**

**ورکشاپ کا مقصد شرکاءکو محکمے کے نئے انجینئرنگ ضوابط کے بارے میں روشناس کرایا جانا تھا۔**

**یاترا**

**سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے چلتے آج دن میں11بجے تک مزید5ہزار677 یاتریوں نے شیولنگم کے درشن کئے۔ اس طرح سے3جولائی سے اب تک درشن کرنے والوں کی مجموعی تعداد قریب2لاکھ93ہزارتک پہنچ گئی ہے۔**

**جموں سے آج مزید4ہزار388 یاتریوں کا ایک اور قافلہ وادی کی طرف محو سفر ہے۔**

**مشق**

**دریں اثناءگاندربل ضلعے میں یاترا کے راستے پر یاتریوں کےلئے سلامتی معقول اور مناسب سکیورٹی انتظامات یقینی بنانے کی غرض سے پولیس کی جانب سے ایک جامع فرضی مشق منعقد کی گئی۔**

**یہ مشق بھگدڑ، میڈیکل ایمر جنسی، آفات اور دیگر طرح کے خطرات کو ٹالنے کےلئے تیاری کی حالت میں رہنے پر مرکوز ہو تی ہے۔**

**RTO**

ریجنل ٹرانسپورٹ آفیسر کشمیر قاضی عرفان نے عدالتِ عظمیٰ کی ہدایات کے مطابق سرینگر میں ٹریفک قوانین کی عدولی کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی ۔

کشمیر نے کہا ۔ RTO اس موقعہ پر میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے

------BYTE------

ٹریفک

سڑک سلامتی اور ٹریفک قوانین پر عمل آوری یقینی بنانے کی غرض سے مختلف اضلاع میں متعلقہARTOs-کی طرف سے ٹریفک انفورسمنٹ کی سرگرم مہمات چلائی گئیں

شوپیان میں اس مہم کے دوران47گاڑیوں کا چالان کیا گیا،11گاڑیاں ضبط کی گئیں جبکہ6 ڈرائیونگ لائسنس منسوخ کی گئیں۔

اسی طرح کی کاروائی میں ضلع بارہمولہ میں ٹریفک قوانین کی پاسداری نہ کرنے والوں سے93ہزار روپے جرمانہ وصول کیا گیا جبکہ6 ڈرائیونگ لائسنس منسوخ کی گئیں۔

کپواڑہ ضلعے میں اس مہم کے دوران116گاڑیوں کا ای۔چالان کیا گیا جہاں قوانین کی عدولی کرنے والوں سے2لاکھ10ہزار سے کا جرمانہ وصول کیا گیا۔

یوم آزادی

سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر ڈاکٹر فضل الحسیب نے سینئر افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں بلدیاتی خدمات اور گورننس کو مضبوط کرنے کے سلسلے میں درکار اقدامات کا جائزہ لیا۔

ہیڈ کواٹر میں ایک علحیدہ میٹنگ کے دوران آئندہ یوم آزادی کی تقریب کے بارے SMCانہوننے میں بھی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔

اُدھرڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے بھی ضلع افسرونکی ایک میٹنگ میں آنے والے یوم آزادی کے سلسلے میں کی جانے والی پیشگی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

بڈگام

ضلع ترقیاتی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ٹاون ہال چاڈورہ میں ایک عوامی دربار کی صدارت کر تے ہوئے مقامی لوگوں کے مسائل و مشکلات کا بر سرموقع جائزہ لیا۔

اس موقعے پر چاڈورہ اور ملحقہ جات سے آئے ہوئے لوگوں اور وفود نے مختلف ترقیاتی ضروریات سے متعلق مسائل اُبھارے۔

اس دوران ڈپٹی کمشنر موصوف نے چرار شریف میں صوبائی سطح کے بائین ضلعی والی بال ٹورنامنٹ کا بھی افتتاح کیا۔

**کولگام**

ضلع ترقیاتی کونسل کولگام نے مالی سال2025-26کےلئے سالانہ ترقیاتی منصوبے کو منظوری دی ہے۔کونسل کی میٹنگ چیر مین محمد افضل پرے کی صدارت میں منعقد ہوئی۔

دریں اثناءڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان کی صدارت میں ضلع افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران کولگام میں عملائی جا رہی ہے۔ سرکار کی بہبودی سکیمیں اور مالی شمولیت کے اقدامات کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

**کپواڑہ**

ضلع انتظامیہ کپواڑہ کی جانب سے مشن یووا کے تحت منعقدہ کردہ ضلع سطح کے ایک پروگرام کے دوران اہل اُمید واروں کو مختلف سکیموں کے تحت Sanction لیٹر فراہم کئے گئے۔

اس موقعے پر ایڈیشنل ضلع ترقیاتی کمشنر مفتی فرید الدین نے کہا کہ یہ مشن نوجوانوں کو خود روزگار کی طرف راغب اور مائل کرنے کی ایک اہم پہل ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

………………………………